ادارہ

افکار و تاثرات

حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب

سابق سینیٹر و مرکزی رہنما جمعیۃ علماء اسلام

شیخ الحدیث مولانا سید شیر علی شاہؒ
حیات و خدمات نمبر ایک تاریخی دستاویز

محترم المقام حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ۔السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! ماہنامہ الحق کا شیخ الحدیث ڈاکٹر سید مولانا شیر علی شاہ صاحب کا ضخیم ٹھوس اور تاریخی نمبر کافی انتظار و اشتیاق کے بعد موصول ہوا، اس قیمتی دستاویز کو پڑھ کر انتہائی خوشی حاصل ہوئی اور دل سے آپ حضرات کیلئے دعائیں نکلیں، یقیناً حضرت ڈاکٹر صاحبؒ کی شخصیت اس بات کی متقاضی تھی کہ ''الحق'' ان کے شایان شان نمبر شائع کرے اور ماشاءاللہ آپ کی زیرسرپرستی مولانا راشد الحق اور مولانا اسرار نے حضرت مولانا محمد ابراہیم فانیؒ نمبر کی طرح حضرت شیخ الحدیث مولانا شیر علی شاہ کے متعلق بھی ایک بڑی دستاویز اور قیمتی متاع قارئین، علماء اور طلباء کے سامنے پیش کردی ہے۔ سارا نمبر ماشاءاللہ ہر لحاظ سے خوبصورت اور جامع ہے لیکن ابتداء میں آپ نے ایک طویل عرصے کے بعد قلم اٹھا کر اپنے بچپن بلکہ سفر و حضر کے ہمدم دیرینہ ساتھی کے متعلق جس والہانہ انداز سے اپنے مرحوم دوست کو خراج تحسین اور ذکرِ خیر فرمایا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس پورے نمبر کا متن ہے اور باقی نمبر و مضامین اس کی شرح و تفصیل ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہوں کہ وہ آپ سے مزید علمی، تصنیفی، تالیفی خدمات کا کام لے۔ والسلام

مولانا زاہد الراشدی، گوجرانوالہ

مولانا سمیع الحق کی مذہبی، سیاسی اور سماجی خدمات کا تحریری نمونہ

عزیزم محترم مولانا عرفان الحق حقانی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! مزاج گرامی؟ کتابوں کا سیٹ موصول ہوا حضرت مولانا سمیع الحق صاحب اور آپ سب حضرات کا شکریہ! آج کے دن کا زیادہ حصہ ''مولانا